© rasailojaraid.com

جیسا کہ مولانا کے قلم کی خصوصیت تھی سیکڑوں غیر متعلق علمی و کلامی اور فقہی مسائل بھی ضمناً زیر بحث آ گئے ہیں جو ارباب علم کے لئے بڑے قیمتی اور قابلِ قدر ہیں۔ مجلس علمی نے خوب کیا کہ ان تمام مضامین کو کتابی صورت میں شائع کر دیا تاکہ ان سے یکجائی طور پر استفادہ کیا جا سکے۔ فشکر اللہ مساعیہم۔

جدید بین الاقوامی سیاسی معلومات

اسرار احمد آزاد کی کتاب "جدید بین الاقوامی سیاسی معلومات" دراصل سیاسی لغات کے سلسلہ کی ایک کڑی ہے۔ جس کا آغاز مصنف نے ۱۹۴۱ء میں کیا تھا یہ جلد دوم کا حصہ دوم ہے اور چار سو صفحات پر حاوی ہے اسرار احمد آزاد پختہ کار اور کہنہ مشق صحافی ہیں۔ انھوں نے مختلف عنوانات کے تحت اہم اور مفید سیاسی معلومات یکجا کر دی ہیں۔ اور ایک قابلِ قدر علمی خدمت انجام دی ہے، یہ ایسی کتاب ہے، جس میں سیاسی واقعات، معاہدات، اجتماعات، تجاویز اور منصوبے، غرض سبھی سیاسی حوالے خاصی تفصیل سے مل جاتے ہیں۔ ان کی کاوش اور جستجو، محنت اور دقتِ نظر کی داد دینا ظاہر ہے اور اس علمی خدمت کے لئے وہ یقیناً مبارکباد کے مستحق ہیں۔

از:۔ ڈاکٹر محمد حسن صاحب

(بشکریہ آل انڈیا ریڈیو)

قیمت	جلد اول	آٹھ روپے
"	جلد دوم	پانچ روپے آٹھ آنے
"	جلد سوم	پانچ روپے آٹھ آنے

مکتبہ برہان اردو بازار۔ جامع مسجد دہلی

© rasailojaraid.com